Ziarat Janabe Hurr

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

سلام ہو آپ پر خدا کے نیک بندے سلام پر

اَيُّهَا الْمُجَاهِدُ النَّاصِحُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ وَّفٰى

اے خلوص کے ساتھ جہاد کرنے والے سلام ہو آپ پر وہ جس نے مفید

بِالسَّعَادَةِ الرَّابِحِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ نَكَثَ بَيْعَةَ

وفا کی سلام ہو آپ پر جس نے یزید ملعون کی بیعت

يَزِيْدَ وَفَدٰى بِرُوْحِهٖ لِلْحُسَيْنِ الشَّهِيْدِ اَلسَّلَامُ

کو توڑ کر فدا کیا اپنی روح کو حسین شہید پر سلام ہو

عَلَيْكَ اَيُّهَا الْبَطَلُ الصِّنْدِيْدُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

آپ پر اے بہادر سردار سلام ہو آپ پر

اَيُّهَا الْفَارِسُ الشُّجَاعُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْبَطَلُ

اے شہ سوار شجاعت سلام ہو آپ پر جو دشمنوں کو روکے

الْمُنَّاعُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ تَرَكَ الطُّغْيَانَ وَ

رہے جن کی طرف آنے سے۔ سلام ہو آپ پر جس نے باطل کو چھوڑ کر حق اختیار کیا اور

اَطَاعَ الْوَاحِدَ الدَّيَّانَ وَدَخَلَ فِيْ طَاعَةِ الرَّحْمٰنِ

اطاعت کی واحد ویکتا کی جو روز جزا کا مالک ہے اور داخل ہوئے طاعت رحمان میں

وَفَدٰى بِرُوْحِهٖ لِلْحُسَيْنِ الشَّهِيْدِ الْغَرِيْبِ

اور اپنی جان نثار کی مسافر پیاسے حسین شہید پر اور ظلم کا مقابلہ کیا

الْعَطْشَانِ وَصَالَ عَلَى الْعُدْوَانِ وَهَوٰى صَرِيْعًا

اور مقتول ہو کر زمین پر گرے اور حصہ

عَلَى التُّرْبَانِ وَحُظِيَ بِالْخُلْدِ وَالْجِنَانِ وَرَحْمَةُ

لیا خلد و جنان میں اور رحمت خدا ہو آپ پر

اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ فَدٰى بِنَفْسِهٖ

اور برکات اس کی سلام ہو آپ پر جس نے فدا کی اپنی جان

لِابْنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُجَاهِدًا دُوْنَ

فرزند رسول خدا پر سلام ہو آپ پر جس نے جہاد کیا

ابْنِ الْبَتُوْلِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مَنْ تُوُفِّيَ دُوْنَ

فرزند فاطمہ زہراؑ کے سامنے سلام ہو آپ پر جس نے دم توڑا امام

الْحُسَيْنِؑ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ ثَبَتَ لِلطَّعْنِ

حسینؑ کے سامنے سلام ہو آپ پر جو ثابت قدم رہے نیزہ کی مار

وَضَرْبِ السُّيُوْفِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى وَلَدِكَ

اور تلوار کی ضرب کے سامنے سلام ہو آپ پر اور آپ کے مقتول

الْمَقْتُوْلِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ بَكَاهُ الْحُسَيْنُ

فرزند پر سلام ہو آپ پر جس پر خود سید الشہدا نے بکا کی اور

وَقَالَ مَا اَخْطَاَتْ اُمُّكَ اِذْ سَمَّتْكَ الْحُرَّ اِنَّكَ حُرٌّ

ارشاد فرمایا کہ تمہاری ماں نے غلطی نہیں کی جبکہ انھوں نے تمہارا نام حُرؑ رکھا کیونکہ

فِي الدُّنْيَا وَسَعِيْدٌ فِي الْاٰخِرَةِ فَيَا لَيْتَنِيْ كُنْتُ

تم دنیا میں آزاد اور آخرت میں سعید ہو کاش کہ میں بھی آپ کے ساتھ ہوتا

مَعَكَ فَاَفُوْزَ مَعَكَ كَمَا فُزْتَ مَعَ الْحُسَيْنِ

اور اسی طرح کامیاب ہوتا جس طرح آپ سید الشہداء

وَاَصْحَابِ الْحُسَيْنِ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حُرَّ بْنَ

اور اصحاب ان حضرت کے ساتھ فائز ہوئے سلام ہو آپ پر اے حُر ابن

يَزِيْدَ الرِّيَاحِيْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

یزید ریاحی اور رحمت خدا ہو آپ پر اور برکات اس کی